1989ء سے مسلسل اشاعت | 11 تا 17 اگست 2023 | شمارہ نمبر 33 | جلد نمبر 35
MC - 547 Price Rs. 100/-

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا - آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

pindo deli
paper products

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

# WE HAVE WIDE RANGE OF
# Quality Paper Products

## COATED PRODUCT

GOLDEN COIN

GOLDEN COIN
2/S Coated
Art Card

## COMPUTER FORM

Golden Form

## PHOTOCOPIER PAPER

Galaxy Brite
Rocco Premium
Office Print
E-Paper
Lucky Boss
IK Yellow
Golden Plus
Instant Preprint

## CARBONLES PAPER

Impressions
PINDO 2000

Impression 2000 Brand
Quality Instant Brand
Available in 48gsm

## COLOR BREIF CARD

Jangkar Brand

ANCHOR BRAND

## CASTCOATED BOARD

Arcadia 2000 (Plastic Card)

ARCADIA 2000

## OTHER PRODUCTS

Buffalo Hide & Embossed Card
Cast Coated Base Paper/Card
Color Wood Free Paper & Card
Fax/Thermal Paper & Others.

## FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website: www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT


First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز:** (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960

# IBM کے دفتر میں امپورٹرز کو موجودہ مارکیٹ صورتحال پر بریفنگ

## آئی بی ایم کے صدر محمد سلیم بیکیا نے بینکنگ سیکٹر کی موجودہ صورت حال، بین الاقوامی قیمتوں کے رجحان اور کسٹم سے متعلق امور پر تفصیلی روشنی ڈالی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان کی پیپر و پیپر بورڈ کی ممتاز انڈنٹنگ فرم اور واحد آئی ایس او سرٹیفائیڈ فرم کے چیف ایگزیکٹو محمد سلیم بیکیا کی صدارت میں پیپر مارکیٹ کے امپورٹرز کا ایک اجلاس جمعرات 3 اگست کو آئی بی ایم کے دفتر میں منعقد ہوا جس میں پیپر مارکیٹ کے امپورٹرز کو بینکنگ سے متعلق درپیش مسائل، پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کے رجحان، کسٹم کی صورحال، کلیرنس میں درپیش مشکلات، پیپر مرچنٹس کے ریفنڈ کے کیسز کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ محمد سلیم بیکیا نے بتایا کہ امپورٹرز کو ایل سی کھولنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے جس کے لئے امپورٹرز کو بینکوں پر دباؤ بڑھانا ہوگا اور اس کے لئے اسٹیٹ بینک کو خطوط لکھنا ہوں گے تاکہ بینک غیر قانونی طور پر کلیرنس روکنے کے لئے حربے استعمال نہ کرسکیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اس صورت حال کے باعث امپورٹرز کو انڈینٹ لینے کے بعد ایل سی کھولنے میں بہت زیادہ تاخیر کا سامنا ہے جس سے بین الاقوامی وعدوں کی تکمیل میں شدید مشکلات پیش آرہی ہیں، لہٰذا امپورٹرز پہلے اپنے بینک سے ایل سی کے بارے میں یقین دہانی حاصل کرنے کے بعد ہی انڈینٹ لیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی قیمتوں میں آئندہ مہینوں میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے بتایا کہ کسٹم سے ریفنڈ کے کیسز میں ایک بار پھر پیش رفت کی گئی ہے اور جن امپورٹرز کو ریفنڈ کے چیک نہیں ملے ہیں اس سلسلے میں دوبارہ ایف ٹی او کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں اور امید ہے کہ جلد ہی وہ چیک بھی ملنا شروع ہوجائیں گے۔ آفسیٹ/ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے کیس کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال سے عدالت نے فیصلہ محفوظ کررکھا ہے اور یہ فیصلہ بھی ہمارے حق میں ہی آئے گا۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ ویلیوایشن کی نئی رولنگ کے سلسلے میں جلد ہی مشاورت کی جائے گی اور کسٹم سے رجوع کیا جائے گا اور مارکیٹ کے اجتماعی مفاد کے تحت رولنگ کے لئے تجاویز دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایل سی کی مشکلات کے باعث آئی بی ایم کے درآمد کنندگان پر جو چند شرائط عائد کی گئی ہیں وہ حالات کے بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ مرحلہ وار ختم کردی جائیں گی۔ تقریب میں بڑی تعداد میں کراچی کے علاوہ لاہور، راولپنڈی اور پشاور سے بھی امپورٹرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ محمد سلیم بیکیا نے براہ راست سوالات کے جوابات بھی دیئے۔

## سول ایوی ایشن نے پولیو ویکسی نیشن کی شرط کی تردید کردی

کراچی (نیوز ڈیسک) سول ایوی ایشن کی جانب سے مسافروں کیلئے پولیو ویکسی نیشن کارڈ کی شرط، آن لائن فراڈ کا شاخسانہ، تفصیلات کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی نے سوشل میڈیا پر بیرون ملک جانیوالے مسافروں کیلئے پولیو ویکسی نیشن کارڈ کی شرط کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سی اے اے کی جانب سے بیرون ملک جانیوالے مسافروں کیلئے پولیو ویکسی نیشن کارڈ کی کوئی شرط نہیں رکھی گئی۔ ترجمان سی اے اے نے کہا کہ عوام الناس سے درخواست ہے کہ وہ پولیو کارڈ حاصل کرنے کے لیے کسی بھی غیر مصدقہ آن لائن پیشکش پر کان نہ دھریں۔ مسافر بالخصوص ان آن لائن عناصر کو نظر انداز کردیں جو اپنے آپ کو مختلف ایئر لائنز کا نمائندہ ظاہر کرتے ہوں، اس انتباہ کا مقصد مسافروں کو پولیو کارڈ کے نام پر موقع پرست مفاد پرستوں کے ہاتھوں آن لائن فراڈ کا شکار ہونے سے بچانا ہے۔ ترجمان نے وضاحت کی کہ سوشل میڈیا پر زیر گردش لیٹر اسلام آباد ایئرپورٹ کی اندرونی خط و کتابت تھی جو منسوخ ہوچکا، یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ مذکورہ لیٹر کسی بھی طرح پولیو سے متعلق ٹریول ایڈوائزری نہیں ہے۔

## خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے نئے چیف کلکٹرز آف کسٹم تعینات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے نئے چیف کلکٹرز آف کسٹم تعینات کردیئے گے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو ملک امجد زبیر ٹوانہ نے وفاقی وزیر خزانہ وریونیو سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی مشاورت سے پاکستان کسٹم سروس کے بنیادی اسکیل 21 کے تین عہدیداروں کو نئی پوسٹوں پر تعینات کردیا ہے جبکہ بنیادی اسکیل 20 کے ایک چیف کلکٹر فیاض انور کو ممبر فیڈرل بورڈ آف ریونیو اسلام آباد مقرر کیا ہے۔ پاکستان کسٹم سروس بنیادی اسکیل 21 کے عہدیدار واجد علی ڈائریکٹر جنرل' ڈائریکٹریٹ جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی کو ڈائریکٹر جنرل کسٹمز اکیڈمی پاکستان کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ موجودہ ڈائریکٹر جنرل کسٹمز اکیڈمی آف پاکستان کراچی عبدالقادر میمن' پاکستان کسٹم سروس بنیادی اسکیل 21 کو چیف کلکٹر آف کسٹم بلوچستان مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محمد سلیم پاکستان کسٹم سروس بنیادی اسکیل نمبر 21 موجودہ چیف کلکٹر آف کسٹمز بلوچستان کو چیف کلکٹر کسٹمز خیبر پختونخوا پشاور تعینات کردیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# موجودہ ٹریڈ باڈی عہدیداران 2 سال کے قانون سے استفادہ نہیں کرسکیں گے، نئی ترامیم کی تیاری

لاہور(نیوز ڈیسک) وفاقی وزارت تجارت قومی اسمبلی اور سینیٹ کے جوائنٹ سیشن میں ٹریڈ باڈی کے قوانین میں ایک نئی ترمیم پیش کررہی ہے جس سے تمام موجودہ عہدیداران اپنی اپنی ٹریڈ باڈی اور چیمبر میں 2 سال کے قانون سے استفادہ نہیں کر سکیں گے اور اسی سال اپنے عہدے سے سبکدوش ہوجائیں گے جبکہ نئے آنے والے عہدیدار ہی دوسال کا فائدہ اٹھاسکیں گے۔ ذرائع کے مطابق ٹریڈ باڈی کے قوانین میں نئی ترمیم وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر کے احکام پر کی جارہی ہے۔ جو ہر صورت میں چاہتے ہیں کہ ساری ٹریڈ آرگنائزیشنز کے موجودہ عہدیداران اور ایگزیکٹیو کمیٹی ممبران کو اس قانونی ترمیم کے ذریعے سے ہرصورت فوری طور پر ہٹا دیا جائے اور انکی جگہ پر ہر قیمت پر نئے لوگ لائے جائیں۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے پہلے ڈی جی ٹی او آفس سے الیکشن کروانے کا فرمان جاری کیا جو کہ عدالت نے خلاف قانون گردانتے ہوئے معطل کردیا جس کے بعد اب وہ ٹریڈ باڈی کے قوانین میں ایک نئی ترمیم لا رہے ہیں جس کو قومی اسمبلی اور سینیٹ کے جوائنٹ سیشن میں پیش کیا جائے گا۔ جس سے تمام موجودہ عہدیداران اپنی اپنی ٹریڈ باڈی اور چیمبر میں 2 سال کے قانون سے استفادہ نہیں کرسکیں گے اور اسی سال اپنے عہدے سے سبکدوش ہوجائیں گے اور نئے آنے والے عہدیدار ہی 2 سال کا فائدہ لے سکیں گے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ ترمیم اس طرح سے نہ ہی کبھی قومی اسمبلی میں پیش ہوئی اور نہ ہی اس شکل میں سینیٹ میں کبھی پیش ہوئی۔ لہٰذا جوائنٹ سیشن میں اس کا پیش کئے جانا سیدھا غیر آئینی ہے۔ کیونکہ جوائنٹ سیشن میں صرف وہ قوانین پیش کئے جاتے ہیں جن سے متعلق دونوں ایوانوں میں ڈیڈ لاک ہو جائے۔ جبکہ یہ ترمیم کبھی کسی ایوان میں پیش ہی نہیں ہوئی۔ ماہرین کے مطابق موجودہ وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر ایک قسم کی طبع آزمائی کرنا چاہ رہے ہیں اور وہ بھی حکومت ختم ہونے سے چند دن پہلے تاکہ اگر کوئی احتجاج بھی کرنا چاہے تو بعد میں اُس کے پاس موقع ہی نہ ہو۔ تاہم ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ آخر کیوں نوید قمر پے در پے ایک سے بڑھ کر ایک حربہ استعمال کرنے پر تُل گئے ہیں۔ اور چاہتے ہیں کہ تمام ٹریڈ باڈیز کے موجودہ عہدیداران کو فورا فارغ کردیا جائے۔ مزید یہ کہ اس سے قبل ٹریڈ آرگنائزیشن (امینڈمنٹ) ایکٹ 2022 پاس کیا گیا تھا جو اس وقت نافذ العمل قانون ہے اور جس کے تحت تمام موجودہ عہدیداران کو حق حاصل ہے کہ وہ اب 2 سال تک عہدیدار رہ سکتے ہیں۔ جبکہ اب حکومت ختم ہونے سے چند روز قبل ایک نیا قانون لانے کی کوشش جس کے تحت اُن کی معیادِ عہدہ کم ہوتا ہے ایک ناقابل فہم عمل ہے۔

## آئی ایم ایف پروگرام میں نہ ہوتے تو نئے ٹیکس نہ لگاتے، اسحٰق ڈار

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کے اجلاس میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے بتایا کہ آئی ایم ایف پروگرام میں نہ ہوتے تو نئے ٹیکس نہ لگاتے مگر اب مجبوری ہے، آئی ایم ایف معاہدہ وزارت خزانہ کی ویب سائٹ پر موجود ہے ٹیبل ٹو میں لکھا گیا ہے کہ پاکستان کسی قسم کی ٹیکس ایمنسٹی نہیں دیگا، 10 ماہ تک ڈالر نہیں آئے، ساتویں اور آٹھویں جائزہ کو مکمل کرنے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھائیں، گورنر اسٹیٹ بینک نے کمیٹی کو 3 ارب ڈالر کے رعایتی قرضوں سے متعلق بتایا کہ 629 پراجیکٹس میں 469 مکمل طور پر آپریشنل ہو چکے ہیں، 89 جزوی آپریشنل اور باقی 62 پراجیکٹس 2025 تک آپریشنل ہونے کی توقع ہے اسکیم سے ایک لاکھ 94 ہزار 300 ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔

## ریٹیلرز کے ٹیکس سے متعلق تمام مسائل جلد حل کئے جائیں گے، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) 4 اگست 2023 کو ہونے والے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ اور محصولات کے 90 ویں اجلاس کے دوران جاری کردہ وزیر خزانہ و محصولات کی ہدایت پر ایف بی آر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں رئیل اسٹیٹ کے لین دین، ٹیکس سے متعلق مسائل کے حل اور ان کے حل کے لیے ایک اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین ایف بی آر ملک امجد زبیر ٹوانہ نے کی اور اس میں ریئلٹرز کے وفد کی قیادت سردار طاہر محمود، صدر فیڈریشن آف ریئلٹرز پاکستان، اور ایف بی آر افسران کی ٹیم نے کی۔ ریئلٹرز کے مندوبین نے معیشت کی خراب حالت کے پس منظر میں غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس لگانے کو معقول بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ رئیل اسٹیٹ سیکٹر ماضی میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا بڑا ذریعہ رہا ہے تاہم ابتر معاشی حالات نے لوگوں کو اس شعبے میں سرمایہ کاری سے دور کر دیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ فنانس ایکٹ، 2022 اور فنانس ایکٹ، 2023 کے ذریعے متعارف کرائے گئے غیر منقولہ جائیداد پر ٹیکس کے اقدامات نے رئیل اسٹیٹ کے شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے حوصلہ شکنی کا ماحول پیدا کیا ہے۔ وفد نے غیر منقولہ جائیداد سے ڈیمڈ انکم پر ٹیکس ختم کرنے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ یا تو فی الحال جائیدادوں کے ویلیوایشن ٹیبل پر کوئی نظر ثانی نہ کی جائے، یا اگر کوئی اضافہ ضروری ہے تو اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد منصفانہ سطح پر کیا جائے۔ چیئرمین ایف بی آر نے شرکاء کو یقین دلایا کہ ان کے تحفظات کو دور کیا جائے گا اور ٹیکس قوانین کے نفاذ کی وجہ سے پیدا ہونے والی مشکلات کو دور کرنے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے اپنی ٹیم کو ہدایت کی کہ وہ اس سلسلے میں ریئلٹرز کے ساتھ مناسب ہم آہنگی اور مشاورت کو یقینی بنائیں۔ چیئرمین نے مزید نشاندہی کی کہ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹینڈ بائی اریجمنٹ کے تحت اس وقت ٹیکس میں کوئی نئی چھوٹ، رعایت یا ترجیحی ٹیکس علاج ممکن نہیں ہے۔

## حکومت کا ڈیجیٹل پرائز بانڈز متعارف کرانے کا فیصلہ

کراچی(بزنس ڈیسک) حکومت نے ڈیجیٹل پرائز بانڈز متعارف کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق 500 روپے، 1 ہزار، 5 ہزار اور 10 ہزار روپے کے ڈیجیٹل پرائز بانڈز کو متعارف ہوں گے جنہیں خریدار کے نام پر رجسٹرڈ کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 500 روپے کے ڈیجیٹل بانڈ پر پہلا انعام 20 لاکھ روپے جب کہ 1000 روپے کے ڈیجیٹل بانڈ پر پہلا انعام 40 لاکھ روپے ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ 5 ہزار روپے کے ڈیجیٹل بانڈ پر پہلا انعام 2 کروڑ روپے اور 10 ہزار کے بانڈ پر پہلا انعام 4 کروڑ روپے رکھا گیا ہے۔ واضح رہے کہ حکومت کی جانب سے 40 ہزار، 25 ہزار، 15 ہزار اور 7500 روپے مالیت کے پرائز بانڈ پر پابندی ہے۔ اس پابندی کے بعد اب مارکیٹ میں سب سے بڑا پرائز بانڈ 1500 روپے مالیت کا ہے، اس کے علاوہ 750، 200 اور 100 روپے مالیت کے پرائز بانڈز بھی مارکیٹ میں موجود ہیں۔

## لاہور۔کراچی ریٹرن ٹکٹ 70 ہزار تک پہنچ گیا

کراچی(نیوز ڈیسک) پٹرول کی فی لیٹر قیمت میں تقریبا 20 روپے اضافہ سے پاکستانیوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے، ذرائع کے مطابق اب فضائی سفر کرنے والوں کو بھی مہنگے ٹکٹ خریدنے پڑیں گے۔ پی آئی اے اور نجی ایئر لائنز نے ایجنٹس کو نیا کرایہ نامہ جاری کردیا ہے، لاہور اور کراچی کا یکطرفہ کرایہ 35 ہزار روپے کر دیا گیا ہے جبکہ ریٹرن 70 ٹکٹ ہزار روپے ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آئی بی ایم کے دفتر میں پیپر مارکیٹ کی تجارتی سرگرمیوں کی موجودہ صورتحال پر غور کے لئے اجلاس













جمعرات 3 اگست 2023 کو انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ (آئی بی ایم) کے دفتر میں پیپر مارکیٹ کی ممتاز شخصیات وامپورٹرز کا ایک مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا نے صدرات کی اور انہیں بینکنگ سیکٹر کی جانب سے امپورٹرز کے لئے پیدا کردہ مشکلات، پیپر و پیپر بورڈ کی آئندہ کی عالمی قیمتوں کی صورتحال، موجودہ مارکیٹ کی صورتحال اور کسٹم سے متعلق امور پر تفصیل سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں اسٹیج پر سینئر وائس چیئر مین اپیما محمد انیس، محمد عثمان بیکیا، پاپگائی کے سابق چیئر مین ڈاکٹر منہاج الدین اور محمد جاوید موجود ہیں۔ دیگر شرکاء میں صدر سدرن زون سید شاہنواز علی، اعزازی جنرل سیکریٹری محمد احمد اظہر، محمد احمد، عابد نثار، صدر الدین جیوانی، غلام علی، محمد اسلم جیلانی، عبدالغفور، شکیل پانی والا، ناصر قاسم، زین الدین سنیل، محمد احمد، اظہر حسین، محمد اسماعیل (پیراڈائز)، محمد رؤف، محمد بلال اور محمد فیصل نمایاں ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

SALMAN PAPER PRODUCTS (Pvt.) Ltd.

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on IK035, 70 Gsm, Offset Paper Indonesia at Very Low Price, Contact for Booking **IBM: 111-426-725**



Pakistan Deserves the Best
پاکستان بھی بہترین کاغذ کا حقدار
کم قیمت پر
جناب ہمیں چاہیئے صاف ستھرا دنیا کا بہترین کاغذ
IF Duties are lowered on Imported Paper
We can have Clean & Hygenic,
World's Best Paper
and Books Made up of them
اگر کاغذ کی درآمد پر ڈیوٹی
کم کردی جائے تو ہمیں صاف ستھرا
اور جراثم سے پاک دنیا کا بہترین کاغذ
اور اس سے بنی ہوئی کتابیں میل سکتی ہیں
@ Low Price
کم قیمت پر
IBM
TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED
UAN: 111-IBM-PAK

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimi
paper producs

**CONTACT**

Shop #1, Bikiya Maznil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road,Karachi
Phone: 021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**FOR BOOKING**

Shop # 8 Salma Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi74200
Phone:021-32626285, 32626391. 32630109



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ و پیپر، درآمدی بلیچ بورڈ، مقامی ڈپلیکس بورڈ کی قیمتوں میں کمی، مقامی آفسیٹ، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مندی کے ساتھ ساتھ کچھ تیزی دیکھی گئی اور 9اگست 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ، فلائنگ، کراؤن، لاثانی کیوٹیک، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، ایکنا برانڈ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ جبکہ پنڈو آرٹ کارڈ، نیویا آرٹ پیپر، مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ، رئیل، پنڈو ڈیلی، ایلی کنگ پرو کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 190،200، 210، 250، 260، 300، 310اور 350 گرام، 510روپے سے کم ہوکر 500روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128اور 150 گرام، 580روپے سے کم ہوکر 550روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔ 128اور 150 گرام، 580روپے سے کم ہوکر 550روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ انڈونیشیا 23x36سائز، 290 گرام، 520روپے سے کم ہوکر 500روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 260روپے سے کم ہوکر 250روپے، تمام سائز 290 گرام، 255روپے سے کم ہوکر 245روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 360روپے سے کم ہوکر 355روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس تمام سائز تمام گرام 368روپے سے کم ہوکر 360روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 355روپے سے کم ہوکر 340روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 375روپے سے کم ہوکر 340روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 372روپے سے کم ہوکر 350روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63اور 68 گرام، 295روپے سے بڑھ کر 300روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام 310 روپے سے بڑھ کر 320روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 315روپے سے بڑھ کر 325روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر لاثانی کیو ٹیک تمام سائز 60 گرام، 270روپے سے بڑھ کر 280روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا بی ایل سی 70 گرام 1200، روپے سے بڑھ کر 1220روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1530، روپے سے بڑھ کر 1550روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام، 1210روپے سے کم ہوکر 1150روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1180، روپے سے بڑھ کر 1210روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1440روپے سے بڑھ کر 1460روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام 1540، روپے سے بڑھ کر 1560روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1150روپے سے بڑھ کر 1200روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1400روپے سے بڑھ کر 1460روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام، 1220روپے سے کم ہو کر 1150روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 70 گرام، A4سائز 1280روپے سے کم ہوکر 1180روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 80 گرام A4، سائز 1350روپے سے بڑھ کر 1400روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30سائز 3800روپے سے بڑھ کر 3900روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ 20x30، سائز، 5400 روپے سے بڑھ کر 5500روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# پاکستان کسٹمز سروس کے گریڈ 21اور 20 کے افسران کی ترقی

کراچی (نیوز ڈیسک) سینٹرل سلیکشن بورڈ کی سفارش پر متعدد افسران کو BS-21اور BS-20 میں ترقی دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کسٹمز سروس (پی سی ایس) کے افسران میں BS-21 میں ترقی پانے والوں میں شکیل شاہ، زاہد علی بیگ، یعقوب مکو، اشد جواد، عرفان الرحمان اور صائمہ شہزاد شامل ہیں۔ BS-20 میں ترقی پانے والے PCSافسران میں عائشہ بشیر وانی، محمد آصف، نوید اقبال، رحمت اللہ وسرو اور نوابزادی عالیہ دلاور خان شامل ہیں۔ مزید یہ کہ غلام مصطفیٰ، جنید میمن، سمیرا شیخ، مہرین نسیم، سعدیہ شیراز، حارث انصاری، یاسین مرتضیٰ تسلیم اختر، احسن خان، متیل عالم سمیت PCSافسران کو بھی BS-20 میں ترقی دی گئی ہے۔ کرم الٰہی، علی عباس گردیزی، عمران بخاری، علی زمان گردیزی اور ارشد خان سمیت پی سی ایس افسران کو بھی BS-20 میں ترقی دی گئی ہے۔


ہفت روزہ "پیپر بزنس" کراچی
کی ویب سائٹ پر گذشتہ شمارے دستیاب ہیں
www.weeklypaperbusiness.com

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تاجر برادری کو سہولیات کی فراہمی سے ہی معاشی استحکام کا سفر طے ہوگا، بلاول بھٹو

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تاجر برادری کو سہولیات فراہم کئے بغیر ملک کی ترقی ناممکن ہے کیونکہ تجارت کے فروغ کے بغیر معاشی استحکام کا سفر طے نہیں کیا جاسکتا، سابق صدر آصف علی زرداری کے دورِ صدارت میں معیشت کے متعلق کوئی بھی پالیسی تاجر برادری سے مشاورت کے بغیر نہیں بنائی جاتی تھی۔ بلاول ہاؤس کی جانب سے ہفتہ 5 اگست کو جاری کردہ بیان کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں (ایف پی سی سی آئی) ٹاور کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موثر اقتصادی سفارت کاری پائیدار اقتصادی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکتی ہے اور تجارت کو وسعت دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی اقتصادی منظر نامہ مسلسل تبدیل ہو رہا ہے، میں نے ہمیشہ اس بات کی وکالت کی ہے کہ تاجر اور خواتین منفرد خصوصیات کی حامل ہوتی ہیں جو انہیں موثر سفیر بناتی ہیں، بین الاقوامی تجارت اور کاروبار میں ان کی مہارت انہیں قوموں کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنے اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے بھی قابل بناتی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ کاروباری افراد ایک دوسرے سے جڑنے اور مضبوط اقتصادی شراکت داری قائم کرنے کے لیے اپنے راستے تلاش کرسکتے ہیں اور سرحد پار سرمایہ کاری کو فروغ دے کر جغرافیائی سیاسی جھٹکوں کو برداشت کرسکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بطور وزیر خارجہ انہوں نے اپنے بیرون ملک دوروں کے دوران تاجر برادری کے کاروبار کے تحفظ، فروغ اور عالمی ویلیو چین میں ان کے انضمام کے لیے کاوشیں اٹھائی ہیں۔ ہم نے عراق میں ایف بی



سی سی آئی اور اس کے عراقی ہم منصب کے درمیان ایک یادداشت پر دستخط کیے اور بزنس کونسل قائم کی جس سے پاکستان کی تاجر برادری کو فائدہ اٹھانا چاہیے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ انہیں یہ جان کر خوشی ہوئی کہ وزارت خارجہ کاروبار کو آسان بنانے اور تاجر برادری کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے، دستاویزات کی تصدیق میں تاخیر کو دور کرنے کے لیے خارجہ امور اور کیمپ آفیسز میں اب تاجروں کو خصوصی ٹائم سلاٹ مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ ہماری اجتماعی کوششیں پاکستان کو ایک معاشی پاور ہاس میں تبدیل کرنے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں ہماری مدد کریں گی، صوبہ سندھ میں متعارف کرائے گئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ فارمولے کو سراہتے ہوئے پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) موڈ کے تحت چلنے والے منصوبوں کے نتیجے میں تعلیم، صحت اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورننس اور شفافیت کو بڑھانا سندھ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کا ہدف رہا ہے اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے دائرہ کار میں پی پی پی حکومت کی کوششوں کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ اکانومسٹ میگزین نے ایشیا میں جاری بہترین منصوبوں کی فہرست میں سندھ کے پی پی موڈ پروجیکٹس کو چھٹے نمبر پر رکھا ہے۔ تاجر برادری سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ اگر حکومت نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری کرے تو ہم مل کر بہت کچھ حاصل کرسکتے ہیں، کراچی جیسے بڑے شہر کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بھی ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا۔ چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ ملک اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے آؤٹ آف باکس حل تلاش کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنیات اور قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے، جبکہ جغرافیائی لحاظ سے بھی یہ بہت اہم ملک ہے۔ سابق صدر آصف علی زرداری کے دور صدارت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صدر زرداری نے بزنس کمیونٹی سے مشاورت کے بغیر کوئی معاشی پالیسی نہیں بنائی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تجارت کا فروغ اور معیشت کی مضبوطی پیپلز پارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

# اسمگل شدہ مال سٹی ریلوے اور کے پی ٹی گراؤنڈز سے اندرون ملک بھیجا جاتا تھا

## کارگو ٹرکس پر لوڈنگ کی اجازت کے عوض 50 لاکھ روپے کسٹم افسران رشوت کے طور پر وصول کرتے تھے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کسٹم افسران واہل کاروں کی جانب سے اسپیڈ منی اور رشوت ستانی کے میگا اسکینڈل میں مزید انکشافات، اسمگل شدہ اشیا کے پی ٹی گراونڈ اور سٹی ریلوے گراونڈ سے اندرون ملک کے لیے لوڈ کی جاتی تھیں، گڈز کمپنیز کے کارگو ٹرکس پر لوڈنگ کی اجازت کے عوض ماہانہ 50 لاکھ روپے کی خطیر رقم وصول کی جاتی تھی۔ کسٹم افسران و اہلکاروں کی جانب سے رشوت کے عوض اسمگلنگ کی اجازت کے میگا اسکینڈل کے حوالے سے جمع کرائے گئے عبوری چالان میں مزید انکشافات موجود ہیں، اس کام کا دائرہ کئی مقامات تک پھیلا ہوا تھا۔ متن کے مطابق کے پی ٹی گراونڈ، سٹی ریلوے گراونڈ مِس اسمگل شدہ اشیا اندرون ملک کے لئے لوڈ کی جاتی تھیں، شاداب گڈز اور اے اے کارگو نامی کمپنی کے ٹرکوں پر لوڈنگ اجازت کے عوض 50 لاکھ ماہانہ وصول کیا جاتا رہا۔ پاک انٹرنیشنل گڈز سمیت تینوں کمپنیز سے کسٹمز افسران کے لئے یہ رقم انٹیلیجنس افسر حافظ محمد یونس وصول کرتا رہا، اشیا کی اندرون ملک کلئیرنس کے لئے موجود واٹس اپ گروپ میں 386 گاڑیوں کے نمبر درج ملے۔ کسٹمز کے طارق بھٹو، انور فاروقی، حسن سردار، ظہیر چیمہ، شہباز بھی منی اسپیڈ وصولی میں مبینہ ملوث ہیں، کراچی میں اسمگل شدہ چھالیہ کی فیکٹریز اور افراد کو سپلائی کی ذمہ داری مبینہ طور پر عمران نورانی کی تھی۔ عمران نورانی کی جانب سے اپنی فیکٹری سمیت نگینہ، میٹرو، سٹی، تارا، ٹیسٹی، بمبئی، رجنی، عزیز پروڈکشن، انسا فوڈز، کرن فوڈز کو ترسیل کی جاتی رہی، عمران نورانی کے ساتھ کسٹمز افسران اعجاز بٹ اور حنا حق بلوچ مسلسل رابطے میں تھے۔

# جرمن چیمبر آف کامرس کا پاکستان میں اپنا دفتر قائم کرنے کا پروگرام

کراچی (نیوز ڈیسک) صدر وفاق ایوانہائے تجارت وصنعت پاکستان (ایف پی سی سی آئی) عرفان اقبال شیخ نے کہا ہے کہ کراچی میں جرمنی کے قونصل جنرل روڈیجر لوٹز نے ایف پی سی سی آئی کو آگاہ کیا ہے کہ جرمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پاکستان میں اپنا دفتر قائم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور یہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ جرمنی پاکستان کے ساتھ تجارتی، صنعتی اور اقتصادی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے بدھ 2 اگست کو جاری اپنے بیان میں کہا کہ یہ بات قابل ذکر ہے کہ روڈیجر لوٹز نے ایف پی سی سی آئی کے ہیڈ آفس کا ہائی پروفائل اور تفصیلی دورہ کیا ہے اور پاکستان کو تجارت کے فروغ اور بزنس ٹو بزنس روابط میں تعاون میں جرمنی کی معاونت کا اعادہ کیا۔ ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر شبیر منشا نے تجویز پیش کی کہ جرمنی کو بھی پاکستانی کاروباری برادری کو طویل مدتی ویزے فراہم کرنے چاہئیں جیسا کہ امریکہ اور یو کے فراہم کر رہے ہیں۔ اس بات کے جواب پر روڈیجر لوٹز نے اتفاق کیا کہ یقینی طور پر پاکستانی کاروباری برادری کے لیے ویزوں میں مزید سہولت کی گنجائش موجود ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف سے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معاشی مسائل کے حل کیلئے کاروباری برادری کا کلیدی کردار ہے، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل سے ملک میں بڑے پیمانے پر بیرونی سرمایہ کاری ہوگی۔ کراچی کی تاجر برادری کو سہولیات فراہم کرنا اور ان کے مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ 2 اگست کو کراچی میں کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے صدر طارق یوسف اور چیف ایگزیکٹو زبیر موتی والا کی قیادت میں ان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزراء سید نوید قمر، سید امین الحق، احسن اقبال، انجینئر خرم دستگیر، وزیر مملکت مصدق ملک، معاونین خصوصی طارق باجوہ، طارق پاشا، جہانزیب خان، گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، گورنر سٹیٹ بینک، چیئرمین ایف بی آر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کراچی کی تاجر برادری کو سہولت اور ان کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملکی معاشی مسائل کے حل کیلئے کاروباری برادری کا کلیدی کردار ہے، کراچی میں بجلی اور گیس کی منصفانہ تقسیم کیلئے آپ کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ملک میں مثبت کاروباری فضاء قائم کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے ہیں، حکومت نے 10 ہزار میگا واٹ شمسی بجلی کا منصوبہ بنایا ہے جس میں بیرونی سرمایہ کار گہری دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) سے ملک میں بڑے پیمانے پر بیرونی سرمایہ کاری ہوگی۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ سٹیٹ بینک اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے حکام تاجر برادری کے ساتھ تعاون سے ان کے مسائل حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کراچی کے تاجروں کو ایک قیمت پر بجلی کی فراہمی یقینی بنائے گی۔ اس موقع پر ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو اور تاجر برادری کے رہنما زبیر موتی والا نے تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے تجاویز پیش کیں اور وزیر اعظم کے تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا۔

## کاروبار کیلئے کانٹیکٹ فری ایکو سسٹم ناگزیر، صدر کراچی چیمبر طارق یوسف

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) صدر محمد طارق یوسف صدر نے کہا ہے کہ آج پاکستان کے نجی شعبے کے لیے آن لائن دستاویزات اور ڈیجیٹائزیشن ضروری ہے اور ملک میں کانٹیکٹ فری ایکو سسٹم متعارف کرایا جائے۔ کے سی سی آئی کراچی کی تمام تجارت و صنعت کی نمائندہ ہونے کے ناطے اس نظام کی وکالت کرتا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گلوبل کومپیکٹ نیٹ ورک پاکستان کے زیر اہتمام ’’میری ٹائم اینٹی کرپشن نیٹ ورک راؤنڈ ٹیبل کانفرنس‘‘ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں ایم اے سی این ڈنمارک کے میتھیاس باک (ورچوئل)، صدر گلوبل کومپیکٹ نیٹ ورک پاکستان مجید عزیز، ایف پی سی سی آئی، کے سی سی آئی، کسٹمز ایجنٹس و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ صدر کے سی سی آئی طارق یوسف کا کہنا تھا کہ رابطے سے پاک ماحول نجی شعبے کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ کارگو میں بدعنوانی، رشوت خوری میں زبردست کمی میں مدد ملے گی۔ ایم اے سی این ڈنمارک سے میتھیاس باک نے ورچوئل تقریر میں ایم اے سی این کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے کہا کہ یہ ایک عالمی کاروباری نیٹ ورک ہے جو کرپشن سے پاک میری ٹائم انڈسٹری کے ویژن کے لیے کام کر رہا ہے۔ صدر گلوبل کومپیکٹ نیٹ ورک پاکستان مجید عزیز نے کہا کہ ہر روز کارگو جہاز بندرگاہوں میں داخل ہوتے ہیں، کسٹمز کی طرف سے کارگو کو کلیئر کیا جاتا ہے اور اس عمل میں متعدد اسٹیک ہولڈرز شامل ہوتے ہیں۔ جامع انسداد رشوت ستانی اور گڈ گورننس کمپلائنس پروگرام کو نافذ کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً پالیسیوں کا جائزہ لینا اور اس پروگرام کی تاثیر کا اندازہ لگانے کیلئے ضروری ہے کہ زیرو ٹالرینس کلچر کو اپنایا جائے۔

## پنجاب میں کروڑوں کا فراڈ: جائیداد منتقلی پر ٹیکس وصولی کا ریکارڈ غائب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں کروڑوں روپے کے فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ صوبے میں جائیداد منتقلی پر ٹیکس وصولی کا ریکارڈ غائب پایا گیا۔ صوبے کے 9 ڈویژنز میں 20 کروڑ سے زائد کا فراڈ منظر عام پر آ گیا، جس کے مطابق پنجاب بھر کی رجسٹری برانچوں میں جائیدادوں کی منتقلی پر ٹیکس وصولی کا ریکارڈ غائب ہے۔ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نے اسپیشل آڈٹ کروانے کے احکامات جاری کر دیے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب بھر کی رجسٹری برانچوں سے 55 ہزار 441 رجسٹریوں کا ریکارڈ غائب ہے۔ 25 ہزار 441 رجسٹریوں کا ریکارڈ تحقیقاتی مراحل میں مل گیا جب کہ 30 ہزار رجسٹریوں کا ریکارڈ تاحال غائب ہے۔ جائیداد منتقلی کا ٹیکس ریکارڈ غائب ہونے کے معاملے میں فیصل آباد پہلے اور ملتان ڈویژن دوسرے نمبر پر ہیں۔ فیصل آباد ڈویژن میں 37860 رجسٹریوں کا ریکارڈ غائب تھا، تاہم 13 ہزار رجسٹریوں کا ریکارڈ مل گیا اور 24 ہزار سے زائد رجسٹریوں کے ریکارڈ کی تلاش جاری ہے۔ ملتان ڈویژن میں 10 ہزار سے زائد رجسٹریوں کا ریکارڈ غائب تھا۔ بعدازاں ابتدائی تحقیقات میں 7 ہزار فائلیں مل گئی اور 3 ہزار 685 کی تلاش جاری ہے۔ معاملے میں سب سے کم ساہیوال ڈویژن میں صرف 4 فائلیں غائب ہیں۔ لاہور ڈویژن میں ایک ہزار 610 رجسٹریوں کی فائلیں غائب تھیں اور اب 353 فائلیں تاحال غائب ہیں۔ گوجرانوالہ ڈویژن میں 1979 رجسٹریوں کا ریکارڈ غائب تھا، جواب 81 رہ گیا ہے۔ راولپنڈی ڈویژن میں 643 رجسٹریوں کی فائلیں غائب تھیں، جن میں سے کچھ ملنے کے بعد اب 472 فائلوں کی تلاش جاری ہے۔ سرگودھا ڈویژن میں 1257 میں سے 549 فائلوں کی تلاش جاری ہے۔ بہاولپور ڈویژن، 875 میں سے 639 فائلوں کی تلاش جاری ہے۔ ڈی جی خان ڈویژن میں 599 فائلوں میں 34 فائلیں تلاش کی جا رہی ہیں۔ ممبر ٹیکس بورڈ آف ریونیو طارق قریشی کی نشاندہی پر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نے ایکشن لے لیا ہے۔ طارق قریشی کے مطابق فیصل آباد اور ملتان ڈویژن میں اسپیشل آڈٹ کا کام جاری ہے۔

## ہُنڈی یا ’’ٹی ٹی‘‘ کے ذریعے ترسیلِ زر کا شرعی حکم کیا ہے؟

سوال: ہنڈی یا ٹی ٹی کے ذریعے ترسیلِ زر جائز ہے یا نہیں؟ اس کی فقہی حیثیت کیا ہے؟ اگر ناجائز ہے تو اس کا متبادل کیا ہوگا؟

جواب: رقم کی ترسیل یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ، ایک ملک سے دوسرے ملک رقم بھیجنے کو عرف میں ہنڈی کہا جاتا ہے، اسی طرح الیکٹرانک ذرائع استعمال کرکے ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک ملک سے دوسرے ملک رقم کی ترسیل کو عرف میں ’’ٹی ٹی‘‘ کہا جاتا ہے، ان دونوں کی فقہی حیثیت قرض کی ہے، اور ہنڈی یا ٹی ٹی کے ذریعے رقم بھجوانے کی صورت میں مندرجہ ذیل شرعی حکم کی رعایت کرنا لازمی ہے:

1۔ اگر ہنڈی یا ٹی ٹی کا کاروبار ایک ہی ملک میں ایک ہی کرنسی میں ہے تو ہنڈی یا ٹی ٹی کے کاروبار کرنے والے پر لازم ہوگا کہ جتنی رقم اس نے لی ہے اتنی ہی رقم وہ آگے پہنچا دے، اس میں کمی بیشی جائز نہیں ہے، البتہ رقم پہنچانے کے لیے اجرت کے طور پر الگ سے طے شدہ اضافی رقم لی جاسکتی ہے۔

2۔ کرنسیوں کے مختلف ہونے کی صورت میں رقم دیتے وقت اس ملک کی کرنسی کے مارکیٹ ریٹ کے مطابق رقم متعین کی جائے گی اور وہ ادا کرنا لازم ہوگا۔

مولانا سیّد سلیمان یوسف بنوری، آپ کے مسائل اور اُن کا حل



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## سندھ انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ڈپارٹمنٹل میگزین کی پرنٹنگ اور بائنڈنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اگست 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (پبلی کیشن)، انفارمیشن ڈپارٹمنٹ، بیرک نمبر 95، سندھ سیکریٹریٹ نمبر 4-B، کورٹ روڈ، کراچی۔

فون: 021-99202610

## ڈائریکٹوریٹ جنرل کلچر سندھ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DG/CTA&SD/2023/24/0045

مختلف کتابوں کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء

برائے رابطہ: محمد ابراہیم جویو آڈیٹوریم، لیاقت میموریل لائبریری، اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔

فون: 021-99230965

## سوئی ناردرن گیس شیخوپورہ کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: SKP-TE/007/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اگست 2023ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفس، ریجنل آفس، سرگودھا روڈ، شیخوپورہ۔

فون: 056-3791722 / 0300-9463641

## MEPCO کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 27/24

پیپر A4 سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، تعداد: 1225 بکس

پیپر لیگل سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد: 285 بکس

اسٹیشنری آئٹمز اور لفافے۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 اگست 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ آفس، ملتان الیکٹرک پاور کمپنی، خانیوال روڈ، ملتان۔

## پاکستان سول ایوی ایشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: LC(S)/2005/003/XXLA/2767

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اگست 2023ء

برائے رابطہ: آفیسر انچارج، لاجسٹکس سینٹر (ساؤتھ)، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی۔

فون: 021-99072790

## گورنمنٹ کالج ساہیوال کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کالج پراسپیکٹس کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 اگست 2023ء

برائے رابطہ: کالج آفس، ساہیوال۔




فون: 040-9200428

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کراچی کے پرنٹنگ اور ویسٹ پیپرز کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BIE/AG/L&N/904/2023

ٹ یبولیشن رجسٹرز کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء

ٹینڈر حوالہ نمبر: BIT/AG/L&N/904/2023

استعمال شدہ آنسر اسکرپٹ اور ویسٹ پیپرز کی فروخت

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اگست 2023ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ونگ، ایڈمنسٹریشن جنرل سیکشن، بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔

فون: 021-99260213.-212-211

## پی آئی اے کے لوکل پیپر کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010056

آفسیٹ پیپر وائٹ لوکل سائز، 23x36، 70-75 گرام

تعداد: 100 ریم، فی ریم 500 شیٹس

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-23010057

آفسیٹ پیپر وائٹ لوکل سائز، 20x30، 70 گرام،

تعداد: 100 ریم، فی ریم 500 شیٹس

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء

برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، کمرشل پرچیز سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ایئرپورٹ، کراچی۔

فون: 021-99045137

## پنجاب سرونٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز 80 گرام، تعداد: 500 ریم

پیپر لیگل سائز 80 گرام، تعداد: 500 ریم

(ڈبل اے برانڈ یا مساوی)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 اگست 2023ء

برائے رابطہ: ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) آفس، 14-A، اپر مال اسکیم، لاہور۔

فون: 042-99206444

## پنجاب ایکسی لینس اتھارٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

سالانہ کارکردگی رپورٹس کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 اگست 2023ء

برائے رابطہ: ہیڈ آفس، لاہور۔

فون: 042-99232095-96

## کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس پشاور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اگست 2023ء

برائے رابطہ: کیشئر (G-Cash) سیکشن، (پی سی) پشاور۔

فون: 091-9213866

## ایف بی آر کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 اگست 2023ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ کمشنر ان لینڈ ریونیو (ہیڈ کوارٹرز)، بے نامی زون-1، آفس نمبر 206، 2nd فلور، ایویکوئی ٹرسٹ کمپلیکس، F-5/1، اسلام آباد۔

فون: 051-9210930

# اراضی کی خرید وفروخت کیلئے ایف بی آر سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی شرط

ایبٹ آباد (بزنس ڈیسک) اراضی کی خرید وفروخت کے لئے ٹیکس میں اضافہ کے بعد ایف بی آر سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی نئی شرط عائد کی گئی ہے۔ ایف بی آر ٹیکس کی ادائیگی کے ساتھ ریجنل ٹیکس آفس کی این او سی بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ریجنل دفتر کا مراسلہ ہزارہ کے 8 اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ارسال کیا گیا ہے۔ نئے ترمیمی نوٹیفکیشن کے مطابق فائلر اور نان فائلر اراضی کی خرید یا فروخت کے لئے رجسٹری کرانے کے لئے این او سی حاصل کرنے کے پابند ہوں گے۔ کمشنر لینڈ ریونیو ریجنل ٹیکس آفس ایبٹ آباد 24 جولائی کو جاری ترمیمی نوٹیفکیشن کے مطابق فروخت کرنے والا فائلر تین فیصد اور نان فائلر 6 فیصد جب کہ اراضی خریدنے والا فائلر تین فیصد اور نان فائلر 10.50 ایف بی آر ٹیکس کی ادائیگی کے علاوہ ایف بی آر سے این او سی فارم بھی حاصل کرے گا۔ جس کے لئے ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور، بٹگرام، تورغر، کوہئی پالس، اپر کوہستان اور لوئر کوہستان کے ڈپٹی کمشنرز کو مراسلہ جاری کیا ہے۔ جس کے مطابق رجسٹرار اور تحصیلدار ایف بی آر ٹیکس کی ادائیگی کے ایڈوانس جمع کرنے کی ہدایت کریں اور جب تک کمشنر لینڈ ریونیو کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ درست نہ ہو کسی کو بھی غیر منقولہ جائیداد ریکارڈ کی تصدیق اور منتقل نہیں کریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کوروگیٹڈ سیکٹر کو فوری طور پر انڈسٹری کا درجہ دیا جائے، عدنان خالد بٹ

